ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(476)

02-09-2023

**بہاولپور(            )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوسید محمد عباس کی قیادت میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاون کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹے 21 مقدمات درج کر کے متعدد ملزمان گرفتار، قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورا یکشن جاری ہے۔گزشتہ 24 گھنٹے میں 21 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 395 لیٹر دیسی شراب، 80 لیٹر لہن ،01 عدد چالو بھٹی، 08 کلو 170 گرام چرس،23 گرام کرسٹل آئس اور 25 گرام ہیروئن برآمد کرلی۔جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 05 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کیا جارہا ہے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی